**Shabbir / AQF**

**01-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ........................................ آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن آج لوک سبھا میں مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔

☆ وزیرِاعظم نریندر مودی آج پنجاب میں سنت گرو روی داس جی کی جینتی کی تقریبات میں شرکت کریں گے اور وہ آدم پور ہوائی اڈے کا نیا نام شری گرو روی داس جی آدم پور رکھنے کا اعلان کریں گے۔

☆ بھارت اور عرب ملکوں نے مغربی ایشیاء میں دیرپا اور جامع امن کے تئیں اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

☆ بھارتی کوسٹ گارڈ آج اپنا 50 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے۔

☆ اور، مردوں کی کرکٹ میں ایشان کشن کی 42 گیندوں میں شاندار سینچری کی بدولت بھارت نے نیوزیلینڈ کو پانچویں اور آخری میچ میں 46 رن سے ہراکر پانچ میچوں کی ٹی-ٹوینٹی سیریز چار-ایک سے جیت لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Nirmala Budget

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن آج لوک سبھا میں 2026-27 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ لوک سبھا میں بجٹ پیش کئے جانے کے بعد بجٹ کی ایک نقل راجیہ سبھا میں پیش کی جائے گی۔ نریندر مودی حکومت کی تیسری مدت میں، اُن کا یہ تیسرا بجٹ ہوگا۔ بجٹ پیش کرنے سے پہلے وزیرِ خزانہ نے معاشی اُمور، تجارتی یونینوں، تعلیم، صحت کے شعبے، تجارت اور خدمات، صنعت، مالی شعبے اور کیپٹل مارکیٹس کے علاوہ MSME کے ماہرین اور نمائندوں سمیت بہت سے شراکت داروں کے ساتھ بجٹ سے پہلے صلاح ومشورہ کیا تھا۔

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ نے بھی زراعت اور دیہی ترقی سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بجٹ سے پہلے کا مشورہ کیا اور وزیرِ خزانہ کو تجاویز کی مرتب شدہ رپورٹ پیش کی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Suparna

2019 میں وزارت خزانہ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن لگاتار نویں مرتبہ مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ اپنی بجٹ تقریر میں انہوں نے اگلے مالی سال کیلئے حکومت کی محصولات اور اخراجات کا خاکہ پیش کریں گی۔ توقع ہے کہ یہ بجٹ ترقی، روزگار پیدا کرنے اور مالی استحکام پر دھیان دینے کے ساتھ آئندہ سال کیلئے حکومت کے اقتصادی روڈ میپ وضع کرے گا۔ بجٹ تیاری کے دوران نوجوانوں اور مختلف پلیٹ فارموں سمیت شہریوں سے مختلف رائے لی گئی ہے، جو 2026-27 کے آئندہ مرکزی بجٹ میں عکاسی کرے گا۔ بجٹ دستاویزات، پارلیمنٹ میں بجٹ تقریر کے مکمل ہونے کے بعد مرکزی بجٹ کے موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔

مرکزی بجٹ پیش کرنے کے بعد وزیر خزانہ مختلف علاقوں کے تقریباً 30 کالجوں کے طلباء کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ بجٹ اجلاس، جو 28 جنوری کو شروع ہوا تھا، دو اپریل تک جاری رہے گا۔

نئی دلّی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Stock Market Budget Day

بامبے اسٹاک ایکسچینج اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج آج اتوار ہونے کے باجود Live ٹریڈنگ سیشن منعقد کریں گے۔ اس سے پہلے اس ماہ، ان دونوں Exchanges نے سرمایہ کاروں کو مطلع کیا تھا کہ ٹریڈنگ کا عمل بھارتی وقت کے مطابق صبح 9:15 بجے سے سہ پہر 3:30 بجے تک جاری رہے گا۔

وہیں اشیا کی مارکیٹ میں ٹریڈنگ بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجے تک جاری رہے گی۔x

Must Announcement

آکاشوانی نیوز آج 2026-27 کے مرکزی بجٹ پر دن بھر چلنے والا خصوصی مباحثہ نشر کرے گا۔ اس پروگرام کی خصوصیت یہ ہوگی کہ اس میں سرکردہ ماہرین اقتصادیات، مارکیٹ ماہرین، حکومت کے سینئر حکام کے بجٹ سے متعلق تجزیے پیش کئے جائیں گے اور عوامی ردِّعمل بھی پیش کیا جائے گا۔

یہ پروگرام آکاشوانی ایف ایم گولڈ اور دیگر میٹروں پر آج صبح 10 بجکر 10 منٹ سے رات ساڑھے دس بجے تک سنا جاسکے گا۔ یہ ہمارے موبائل ایپ نیوز آن AIR، یوٹیوب چینل NEWSONAIRFOFFICIAL اور OTT پلیٹ فارم پر بھی دستیاب ہوگا۔x

PM Punjab Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج سنت گرو رَوی داس جی کے 649 ویں یوم پیدائش کے موقع پر پنجاب کے جالندھر

شہر کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی سنت گرو روی داس جی کو نمن کرنے کیلئے ڈیرا Sachkhand Ballan جائیں گے اور سنت گرو روی داس جی کے اعزاز میں ایک عوامی پروگرام میں شرکت کریں گے۔

جالندھر کے نزدیک آدم پور ہوائی اڈے پر اُترنے کے بعد وزیرِاعظم ہوائی اڈے کے نئے نام سری گرو روی داس جی ایئرپورٹ آدم کا بھی اعلان کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Rajesh Bali

آدم پور ہوائی اڈے کا نیا نام قابل احترام سنت اور سماجی مصلح کی عزت افزائی میں رکھا گیا ہے، جن کی مساوات، ہمدردی اور انسانی عظمت کی تعلیمات بھارت کی سماجی اقدار کو تحریک دیتی رہے گی۔

Dera Sach Khand جالندھر کے نزدیک Ballan کے گاؤں میں قائم ایک مذہبی سماجی تنظیم ہے اور گرو روی داس جی کے عقیدت مندوں کی جانب سے اس کی بنیاد ڈالی گئی تھی، تاکہ ایک روحانی راستے کی جانب عام لوگوں کی رہنمائی کی جاسکے۔ Dera Sach Khand اُترپردیش میں وارانسی کے Seer گووَردھن پور میں گرو روی داس جی کی جائے پیدائش پر مندر تعمیر کیا گیا ہے۔

اسی دوران وزیرِاعظم لدھیانہ میں Halwara ہوائی اڈے کی ٹرمنل عمارت کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح بھی کریں گے۔

یہ ہوائی اڈہ ریاست خصوصاً لدھیانہ کی صنعت کیلئے نئے امکانات ممکن بنائے گا۔ لدھیانہ میں ہوائی اڈے کے افتتاح پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے صنعتکاروں نے وزیرِاعظم کا شکریہ ادا کیا۔ ورلڈ MSME فورم کے صدر Badish Jindal نے کہا کہ یہ ہوائی اڈہ صنعتی شہر لدھیانہ کیلئے ضروری تھا۔

ایک خاتون صنعتکار لکھمندر کور نے کہا کہ ہلواڑہ ہوائی اڈہ کا افتتاح یوروپی یونین بھارت آزاد تجارتی سمجھوتے اور عالمی بازار کے ساتھ تجارت کے تناظر میں ریاستی صنعت کیلئے ایک بڑی تبدیلی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

پائیدار اور ماحولیاتی اعتبار سے ذمہ دارانہ ترقی کے وزیرِاعظم کے نظریئے کے مطابق یہ پنجاب میں ہوا بازی کے جدید بنیادی ڈھانچے کو مزید آگے لے کر جائے گا۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Prez Ravidas

سنت گرو روی داس کا یومِ پیدائش، روی داس جینتی آج ملک بھر میں منائی جا رہی ہے۔ سنت گرو روی داس 14ویں صدی کے سنت تھے، جنھوں نے شمالی بھارت میں بھکتی تحریک کی بنیاد رکھی تھی۔ یہ دن ہندو کیلینڈر کے ماگھ

پورنیما کے مکمل چاند کے موقعے پر منایا جاتا ہے۔ روی داس جینتی کے موقعے پر عقیدتمند وارانسی کے Seer گوووردھن پور میں سری گرو روی داس جنم استھان پر جمع ہوتے ہیں۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے گرو روی داس جینتی کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ گرو روی داس ایک سرکردہ سنت اور سماجی مصلح تھے۔ انھوں نے کہا کہ گرو روی داس نے اپنی تعلیمات کے ذریعے مساوات، سماجی انصاف اور محبت کے پیغام کو عام کیا۔

صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ گرو روی داس کی تعلیمات ہمیشہ قابل عمل رہیں گی اور انسانی اقدار کو اپنانے میں رہنمائی کرتی رہیں گی۔ صدر جمہوریہ نے سبھی سے اپنی زندگی میں گرو روی داس کی تعلیمات پر عمل کرنے اور ملک کی تعمیر میں سرگرم طور پر حصہ لینے کی اپیل کی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Declaration India Arab FMM

بین الاقوامی قانون کے مطابق اقوام متحدہ کی موجودہ قرار دادوں اور عرب امن پہل کے تحت بھارت اور عرب ملکوں نے مغربی ایشیاء میں جامع اور دیرپا امن کے حصول کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بھارت کے وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نئی دلّی میں عرب ملکوں کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ کے سکریٹری جنرل کے ہمراہ، بھارت- عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ میں شرکت کی۔

انہوں نے 1967 کی سرحدوں پر قائم ایک خود مختار آزاد اور پائیدار فلسطینی مملکت کے قیام کی اپیل کی، جو اسرائیل کے ساتھ امن کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ دونوں فریقوں نے فلسطینی عوام کے حقوق کی حمایت کی ہے۔

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی میٹنگ کے اعلامیئے میں کہا گیا ہے کہ دونوں فریقوں نے 2025 کے شرم الشیخ امن چوٹی کانفرنس کے نتائج کا خیر مقدم کیا ہے، جس کا اختتام غزہ میں جنگ بندی سمجھوتے پر ہوا ہے۔ عرب لیگ کے وزرائے خارجہ اور سینئر سفیروں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی کو آگے بڑھنے کے منصوبے کو آج وسیع ترجیح دی جارہی ہے۔

0815- Final S. Jaishankar Gaza-

International Leather Fair

چمڑے سے متعلق بھارت کے بین الاقوامی میلے کا 39 واں ایڈیشن آج چنئی میں شروع ہوگا۔ اِس تین روزہ

تقریب کے دوران چمڑے کی مصنوعات، متعلقہ اشیا، مشینری، آلات اور اختراعات کو پیش کیا جائے گا۔ اِس دوران مینوفیکچرنگ، ڈیٹا تجزیہ اور ڈیزائن میں منصوعی ذہانت کے استعمال، جدید سوفٹ ویئر اور ڈجیٹل انٹرپرائزز کی نمائش کی جائے گی۔

ایسے وقت میں جب بھارت اور یوروپ نیا عالمی آرڈر ترتیب دینے اور حالیہ آزادانہ تجارتی سمجھوتے کے ذریعے وکست بھارت2047 سے ترغیب پاکر اشیا پر محصولات کم کرنے، خدمات کے شعبے میں رسائی کو بڑھانے اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ذریعے معاشی ترقی کو فروغ دینے کیلئے تیار ہیں، یہ میلہ اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔

اِس سال چمڑے سے متعلق بھارتی کے بین الاقوامی میلے میں 362 بھارتی کمپنیاں اور 66 بیرونی ممالک کے شرکاء حصہ لیں گے۔ اِن میں جرمنی، اٹلی، آسٹریلیا، ارجنٹینا، چین، ایتھوپیا، برطانیہ، متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈ اور سعودی عرب شامل ہیں۔x

Coast Guard Raising Day

بھارتی کوسٹ گارڈ آج اپنا 50 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے، جو ملک کیلئے وقف اور بے نیاز خدمات کی پانچ دہائیوں کی عکاسی کرتا ہے۔ سال 1977 میں صرف سات Surface پلیٹ فارمس کے ساتھ شروع ہوا بھارتی کوسٹ گارڈ، آج 155 بحری جہازوں اور 80 طیاروں کے ساتھ بحری شعبے کی بڑی طاقت بن گیا ہے۔کوسٹ گارڈ نے سال 2030 تک دو سو Surface پلیٹ فارمس اور 100 طیاروں کی طاقت حاصل کرنے کا ہدف رکھا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Bhanu

ایک فروری 1977 کو قائم ہوئے بھارتی کوسٹ گارڈ کا مقصد ابھرتے ہوئے بحری چیلنجوں سے نمٹنا اور بھارت کے توسیع پا رہے بحری مفادات کو تحفظ فراہم کرنا ہے، بھارتی کوسٹ گارڈ آج ایک طاقتور، ماہر اور احترام کی حامل فورس بن گئی ہے، جو بحری قوانین کے نفاذ، ساحلی سلامتی، تلاش اور بچاؤ، آبی ماحولیات کے تحفظ اور انسانی بنیادوں پر امداد کے تئیں عہد بستہ ہے۔ بھارتیہ تٹ رَکشک، خصوصی اقتصادی زون کے 20 لاکھ مربع کلومیٹر سے زیادہ رقبے اور ساحلی پٹی کے گیارہ ہزار کلومیٹر کی حفاظت کے اپنے عزم پر مضبوطی سے قائم ہے۔

سودیشی بناوٹ کے بحری جہازوں، طیاروں، ہیلی کاپٹروں اور نگرانی کے جدید ترین نظام کی شمولیت کے ذریعے بھارتی کوسٹ گارڈ کی آتم نربھر بھارت اور میک ان انڈیا کے ویژن سے مطابق پیش قدمی جاری ہے۔x

Shah Birla Coast Guard

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بھارتی کوسٹ گارڈ کے یوم تاسیس کے موقع پر کوسٹ گارڈ کے بہادر عملے کو مبارک باد دی ہے اور اُن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ سمندر میں بھارتی کوسٹ گارڈ کے عملے کی زبردست نگرانی، اُن کی غیرمعمولی شجاعت اور ہمت اور اُن کا پختہ عزم ہر روز ملک کی بحری سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بناتا ہے۔ وزیر داخلہ نے اُن شہیدوں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا، جنہوں نے ملک کی خدمت میں اپنی قربانیاں پیش کیں۔×

Cricket Ind-NZ

کل رات کیرالہ کے تروانت پورم میں بھارت کی مردوں کی کرکٹ ٹیم نے نیوزی لینڈ کو پانچویں اور آخری میچ میں 46 رن سے ہراکر پانچ میچوں کی ٹی ٹوینٹی سیریز، چار-ایک سے جیت لی ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 271 رن بنائے۔ جواب میں نیوزی لینڈ کی پوری ٹیم 225 رن پر آؤٹ ہوگئی۔
بھارتی ٹیم کی طرف سے ایشان کِشن نے سب سے زیادہ 103 رن اور کپتان سوریہ کمار یادو نے 63 رن بنائے، جبکہ بھارت کی طرف سے اَرش دیپ سنگھ نے پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا اور اکشرپٹیل نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ ایشان کشن کو میچ کا بہترین کھلاڑی اور کپتان سوریہ کمار کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

Tennis Australian Open

آسٹریلین اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز کے فائنل مقابلے میں عالمی نمبر ایک ٹاپ سیڈ کھلاڑی کارلوس الکاراز کا مقابلہ سربیائی کھلاڑی نوواک جوکووچ سے ہوگا۔ یہ میچ آج میلبرن کے Rod Laver Arena میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے سے شروع ہوگا۔x

Nitin Nabin Goa Visit

گوا کے Taleigao Community ہال میں BJP کے قومی صدر نتن نبین کے ایک شاندار عوامی جلسے میں 2027 کے اسمبلی انتخابات کی تشہیری مہم کا آغاز کیا۔ ایک "Karyakarta Sammelan" سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے پارٹی کے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ ریاست بھر میں ہر ایک بوتھ پر کم سے کم 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے کے مقصد کے ساتھ آگے بڑھیں۔
ڈبل انجن کی حکومت کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ریاست میں فی کس آمدنی 2014

میں ایک اعشاریہ 12 لاکھ روپے سے بڑھ کر سال 2023-24 میں تین لاکھ ہوگئی ہے۔x

Banaladesh IMF

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے کمزور بینکوں کو غیر محفوظ رقم فراہم کرنے کے خلاف بنگلہ دیش کو خبردار کیا ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی انتباہ کیا کہ اپنے اقدامات قابل اعتبار اصلاحات کے بغیر مالی استحکام کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔
ایک بیان کے مطابق، IMF نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کی معیشت سست ہوگئی ہے وہیں افراطِ زر میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس نے بڑھتے Macro Economic اور مالی خطرات کو بھی اجاگر کیا۔
بنگلہ دیش کی GDP کی شرح ترقی مالی سال 2024 میں، چار اعشاریہ دو فیصد سے مالی سال 2025 میں 3 اعشاریہ 7 فیصد تک گر گئی ہے۔ جس سے سال 2024 سے بڑھتے ہوئے عدم استحکام اور سخت پالیسیوں اور کمزور سرمایہ کاری ظاہر ہوئی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی
شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی طیارہ حادثے میں موت کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں انقلاب کی سرخی ہے: طیارہ حادثے میں اجیت پوار کی ناگہانی موت، تحقیقات کا حکم۔ مہاراشٹر میں تین روزہ سوگ کا اعلان۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے ساتھ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا آغاز، اخبار نے صدر جمہوریہ کے حوالے سے سرخی لگائی ہے: آپریشن سندور کے ذریعے حکومت نے ایک مضبوط پیغام دیا۔ اخبار پرتاپ نے پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بجٹ اجلاس وکست بھارت کیلئے نیا پیغام دے گا۔
ہندوستان ایکسپریس نے وِنگس انڈیا 2026 سے وزیراعظم کے خطاب کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارت گلوبل ساؤتھ اور دنیا کے درمیان ہوابازی کے ایک بڑے گیٹ وے کے طور پر ابھر رہا ہے۔
اخبارات نے نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ عوام جب مل کر کام کرتے ہیں تبھی ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے۔
اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ ٹرمپ نے ایران کو پھر دھمکی دی، کہا: ایران کیلئے وقت تیزی سے نکل رہا ہے، جوہری مذاکرات کیلئے میز پر آئے۔
☆ غزہ میں فلسطینی ریاست کے قیام کی اجازت نہیں ہوگی: نیتن یاہو کا بیان۔
☆ جنوبی کوریا کے سابق صدر کی اہلیہ کو رشوت لینے کے جرم میں 20 سال کی قید۔
☆ عُمان میں 23 فرانسیسی سیاحوں کو لے جانے والی کشتی سمندر میں غرقاب۔

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے بھارت کی صلاحیت اور مسلح افواج کی شجاعت کا اعادہ ہوا ہے۔
2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج پارلیمنٹ میں اقتصادی جائزہ 2025-26 پیش کریں گی۔
3- 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کے اختتام پر Beating Retreat آج نئی دلی میں وجے چوک پر ہوگی۔
4- مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی آخری رسوم آج صبح بارامتی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔
5- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال سرکار سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں سے متعلق مشاہدین کے طور پر کام کرنے والے IAS افسروں کا تبادلہ واپس لے۔
6- اور مردوں کی کرکٹ میں: وشاکھاپٹنم میں چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت، نیو زیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

--------------------------------------